# آپ کی
# YAG
# لیزر کیپسولاٹمی

آپریشن سے پہلے اور بعد میں مریضوں
کے لیے ہدایات اور معلومات



spamedica.co.uk

# مشمولات


| | |
|---|---|
| تعارف | 3 |
| YAG کیپسولاٹمی کے بارے میں | 4 |
| آپ کا ابتدائی جائزہ | 6 |
| YAG کیپسولاٹمی کے خطرات | 7 |
| YAG کیپسولاٹمی کا طریقۂ کار | 8 |
| YAG کیپسولاٹمی کے بعد | 9 |
| مریضوں کے لیے مفت ٹرانسپورٹ | 10 |
| علاج کے بعد اکثر پوچھے جانے والے سوالات (FAQs) | 10 |
| ہم سے کیسے رابطہ کریں | 12 |
| آراء اور شکایات | 13 |
| حوالہ جات | 14 |
| نوٹس | 14 |

# تعارف

**ہم نے یہ کتابچہ آپ کو ایسی تمام معلومات فراہم کرنے کے لیے ڈیزائن کیا ہے جو آپ کو YAG کیسپولاٹمی کے بارے میں درکار ہوں گی، بشمول اس امر کے کہ اس طریقۂ کار کے دوران کیا ہوتا ہے، کسی بھی متعلقہ خطرات، اور صحت یابی کے بارے میں۔**

**یہ ضروری ہے کہ آپ اسے اپنے پہلے جائزے سے قبل، اور پھر اس طریقۂ کار سے قبل پڑھیں۔**

ہم نے اس کتابچے کے پچھلے حصے میں آسان نوٹس کا ایک صفحہ فراہم کیا ہے جہاں آپ اپنے مریض کے تجربے کے کسی بھی موقع پر معالج یا نرس کے ساتھ جو بھی سوالات اٹھانا چاہتے ہیں، ان کی فہرست بنا سکتے ہیں۔

کیا آپ ایک دیکھ بھال والا ساتھی پسند کریں گے؟ یہ آپ کا انتخاب ہے۔ یہ خاندان کا کوئی فرد، دوست یا ہماری ٹیم کا کوئی تربیت یافتہ فرد ہو سکتا ہے۔ براہ کرم پہنچنے پر ہمیں بتائیں کہ آیا آپ چاہتے ہیں کہ کوئی آپ کے معائنے یا مشاورت کے لیے آپ کے ساتھ آئے۔




آپ کی مدد کے لیے ہمارے پاس ہماری ویب سائٹ **spamedica.co.uk** پر بہت ساری معلومات دستیاب ہیں۔

# YAG کیپسولاٹمی کے بارے میں

موتیے کی سرجری کے بعد، آپ کی آنکھ میں موجود قدرتی لینز کو لینز کیپسول سے نکال دیا جاتا ہے اور اس کی جگہ ایک مصنوعی لینز ڈال دیا جاتا ہے۔ تقریباً 30% مریضوں میں، یہ کیپسول موٹا ہو سکتا ہے[1]، جس سے آپ کی نظر دھندلا سکتی ہے۔

آپ کو تیز روشنیوں اور چمک کو دیکھنے میں دشواری کا سامنا ہو سکتا ہے۔ اس سے زیادہ تر کیپسول کا پچھلا حصہ متاثر ہوتا ہے اور یہ پوسٹیریئر کیپسولر اوپیسیفیکیشن (posterior capsular opacification, PCO) کہلاتا ہے۔

PCO کا علاج YAG لیزر کے استعمال سے کیا جا سکتا ہے۔ YAG لیزر دھندلے کیپسول میں ایک چھوٹا داخلی سوراخ کرتا ہے، جسے کیپسولاٹمی کہا جاتا ہے۔ یہ آنکھ کے اندر زیادہ روشنی داخل کرنے میں مدد دیتا ہے اور آپ کی بصارت کو واپس ویسا بنا دیتا ہے جیسے وہ کیپسول کے دھندلا جانے سے قبل تھی۔

براہ کرم آگاہ رہیں کہ YAG کیپسولاٹمی آپ کے نسخے کا متبادل نہیں ہے، لہٰذا آپ کو علاج کے بعد بھی اپنے چشمے پہننے کی ضرورت ہو گی۔

## YAG سے پہلے کا طریقۂ کار

مصنوعی لینز کے
آس پاس دھندلا
کیپسول۔



## YAG طریقۂ کار کے دوران

کیپسول پر لیزر
لگانا۔



## YAG کے بعد کا طریقۂ کار

علاج سے درست
کردہ کیپسول۔



# آپ کا ابتدائی جائزہ

آپ کا آپریشن سے پہلے کا جائزہ ہمارے شعبۂ بیرونی مریضاں میں لیا جائے گا۔ آپ ہمارے ساتھ تقریباً 2 گھنٹوں کے لیے رہ سکتے ہیں اور ہماری کلینیکل ٹیم کی جانب سے آپ کا جائزہ لیا جائے گا تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ YAG کیپسولاٹمی آپ کے لیے درست ہے۔

جائزے میں مدد کے لیے آپ کی آنکھوں میں آنکھ کی پُتلی کو پھیلانے والے قطرے ڈال دیے جائیں گے۔ ان قطروں کو ڈالنے سے آپ کی بینائی دھندلی ہو جائے گی، اس لیے آپ اس کے بعد گاڑی نہیں چلا سکیں گے۔

اپنی ابتدائی جائزاتی اپائنٹمنٹ میں آپ اپنی آنکھوں کے معائنے کے لیے اپنے معالج سے ملاقات کریں گے۔ اگر مناسب ہو، تو آپ مجوزہ YAG لیزر طریقۂ کار کے لیے رضامندی کے فارم پر دستخط کریں گے اور اس کے بعد آپ کو اس علاج کے لیے واپس آنے کے سلسلے میں اپائنٹمنٹ دی جائے گی۔

# YAG کیپسولاٹمی کے خطرات

**YAG کیپسولاٹمی ایک محفوظ، غیر جراحتی طریقۂ کار ہے، اور شدید پیچیدگیاں شاذ و نادر ہی سامنے آتی ہیں۔**

YAG کیپسولاٹمی کے خطرات میں درج ذیل شامل ہیں:

- فلوٹرز میں تبدیلی یا اضافہ
- آنکھ کے سامنے یا عقبی حصے میں سوجن
- آنکھ کے اندرونی حصے میں زیادہ دباؤ
- سوزش
- لینز کا جگہ سے ہل جانا
- بہت کم ایسا ہوتا ہے کہ آنکھ کے لینز کو YAG لیزر سے نشان لگایا جائے - تاہم، اس سے بصارت کے مرض کی کوئی علامات پیدا ہونے کا امکان نہیں ہوتا
- بہت کم مواقع پر، ریٹینا کا الگ ہو جانا دیکھا جاتا ہے

## YAG کیپسولاٹمی کا طریقۂ کار

آپ گاڑی چلا کر گھر جانے کے قابل نہیں ہوں گے، لہٰذا اپنے ہمراہ کوئی ساتھی لے کر جائیں یا ٹرانسپورٹ کا مناسب انتظام کریں۔

آنکھ پر نشان لگایا جائے گا اور اس آنکھ/آنکھوں میں آنکھ کی پُتلی کو پھیلانے والے قطرے ڈالے جائیں گے جس/جن کا علاج کیا جا رہا ہے۔ اس سے آپ کی بینائی کئی گھنٹوں تک کے لیے دھندلا جائے گی۔

یہ علاج شعبۂ بیرونی مریضاں میں آنکھوں کے ماہر معالج کے ذریعے انجام دیا جاتا ہے۔

بعض اوقات علاج میں مدد کے لیے خصوصی لینز کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر ایسا کرنا ضروری ہو، تو اس عمل سے قبل آپ کی آنکھوں میں سُن کر دینے قطرے ڈالے جائیں گے۔

اس عمل میں تقریباً 5-10 منٹ تک کا وقت لگتا ہے، جس دوران آپ کو تیز آوازیں سنائی دیں گی اور آپ کو تیز روشنیاں دکھائی دیں گی۔



# YAG کیپسولاٹمی کے بعد

YAG کیپسولاٹمی کے طریقۂ کار کے بعد آپ کی بینائی فوری طور پر دھندلا جائے گی، تاہم چند گھنٹوں بعد یہ بہتر ہو جانی چاہیئے۔

آنکھ میں 'فلوٹرز' دکھائی دینا ایک عام بات ہے۔ فلوٹرز خلیوں کے بےضرر جھرمٹ ہوتے ہیں جو وائٹرس (نامی آنکھ کے اندر بھرے ایک جیلی نما مادے) کے اندر گھومتے رہتے ہیں۔ آپ کو فلوٹرز نقطوں، دائروں، لکیروں، بادلوں یا مکڑی کے جالوں کی صورت میں دکھائی دے سکتے ہیں۔ کچھ ہفتوں میں فلوٹرز دکھائی دینا بند ہو جاتا ہے۔



## مریضوں کے لیے مفت ٹرانسپورٹ

ہم ایسے مریضوں کے لیے مفت ٹرانسپورٹ سروس پیش کرتے ہیں جو اپنی اپائنٹمنٹس میں آنے کے لیے یا یہاں سے واپس جانے کے لیے لفٹ نہیں لے سکتے۔ ہم درخواست کرتے ہیں کہ آپ صرف اس صورت میں بُک کروائیں جب آپ کو واقعی اس سروس کی ضرورت ہو اور کسی دوسرے طریقے سے اپائنٹمنٹ میں نہ آ سکتے ہوں۔

یہ معلوم کرنے کے لیے کہ آیا آپ مفت ٹرانسپورٹ کے لیے اہل ہیں، براہ کرم **0330 058 4280** پر ہمارے عمومی سوالات کے نمبر پر کال کریں۔ متبادل طور پر، جب آپ کے امراضِ چشم کے معالج آپ کو SpaMedica پر ریفر کریں، تو وہ آپ سے پوچھیں گے کہ آیا آپ کو ہماری مفت ٹرانسپورٹ سروس کی ضرورت ہے۔ آپ کو صرف "ہاں" یا "نہیں" کہنے کی ضرورت ہے اور وہ آپ کے ریفرل فارم پر اس سے متعلق نوٹ درج کر لیں گے۔



## علاج کے بعد اکثر پوچھے جانے والے سوالات

### میں کب گاڑی چلا سکتا ہوں؟

جب آپ ایسا کرنا محفوظ محسوس کریں۔ تاہم، آپ اس وقت تک گاڑی نہیں چلا سکتے جب تک کہ آپ ڈرائیونگ کا قانونی تقاضا پورا نہ کر لیں (20 میٹر پر کار کی رجسٹریشن پلیٹ پڑھنا)۔ دوبارہ گاڑی چلانے کے قابل ہونے سے قبل آپ کو نئے چشموں کی ضرورت پڑ سکتی ہے اور اس معالجاتی عمل کے دن آپ گاڑی بالکل نہ چلائیں۔

## YAG کس چیز کا مخفف ہے؟

YAG یٹریئم (Yttrium)، ایلومینیم (Aluminium) اور گارنیٹ (Garnet) کرسٹلز کا مخفف ہے۔

## کیا YAG لیزر کے بعد بھی مجھے چشموں کی ضرورت ہو گی؟

جی ہاں، لیزر کا یہ طریقۂ علاج آپ کے چشموں کے نسخے کا متبادل نہیں ہے۔

## کیا مجھے YAG کی تیاری کرنے کی ضرورت ہے؟

نہیں، اگر آپ کوئی ادویات بھی لے رہے ہیں تو اس سمیت اپنی زندگی کے معمول کو عام طریقے سے چلاتے رہیں۔

## کیا ایسا دوبارہ ہو گا؟

PCO کا واپس آنا انتہائی غیر عمومی بات ہے۔

## کیا YAG طریقۂ کار تکلیف دہ ہو گا؟

YAGلیزر ایک غیرتکلیف دہ عمل ہے، جس میں آپ کو تیز روشنیوں اور تیز آوازوں کا تجربہ ہو گا۔

## کیا مجھے قطروں کے استعمال کی ضرورت ہو گی؟

عمومی طور پر، آپریشن کے بعد کسی طرح کے قطروں کی ضرورت نہیں ہو گی، لیکن اگر آنکھ کے قطروں کی تجویز دی جائے، تو ڈسچارج ہو جانے کے بعد ہدایت کے مطابق استعمال کریں۔

## کیا مجھے فالو اپ اپائنٹمنٹ کی ضرورت ہے؟

بعض مریضوں کو آؤٹ پیشنٹ کلینک میں فالو اپ اپائنٹمنٹس کی ضرورت ہو گی۔ لیزر آپریٹر تجویز کرے گا کہ آیا ایک اور اپائنٹمنٹ درکار ہے یا نہیں۔

# ہم سے کیسے رابطہ کریں

ہماری ویب سائٹ پر بہت ساری معلومات موجود ہیں: ***spamedica.co.uk***

## عمومی سوالات

اپنی سرجری سے متعلق غیر فوری سوالات کے لیے، ہم سے رابطہ کریں:

- اپائنٹمنٹ کی معلومات
- ٹرانسپورٹ کے حوالے سے سوالات
- اپنے علاج کے بارے میں سوالات

ٹیلی فون:
**0330 058 4280**
پیر سے ہفتہ، صبح 8 بجے تا شام 6 بجے

ای میل: **contact@spamedica.co.uk**

## ہنگامی مدد

اگر آپ کو ان میں سے کسی بھی علامت کا سامنا ہو تو ہمیں ***فوری طور پر*** کال کریں:

- شدید درد
- متلی اور الٹی کے ساتھ سر کے سامنے والے حصے میں شدید اور مسلسل درد (پیراسیٹامول لینے کے بعد بھی)
- بصارت کا مسلسل بگاڑ، یا بینائی کھو جانا

ٹیلی فون:
**0161 0883 838**
دن کے 24 گھنٹے، سال کے 365 دن

# آراء اور شکایات

**SpaMedica ہمیشہ اپنے مریضوں کو سنتا ہے اور ہم آپ کی رائے کی قدر کرتے ہیں۔ براہ کرم ہمیں بتائیں کہ ہم کیا اچھا کرتے ہیں اور ہم کیا مزید اچھا کر سکتے ہیں۔**

آپ کے لیے ہمارے ہر ہسپتال میں فیڈ بیک کارڈز دستیاب ہیں تاکہ آپ اپنے تجربے کے بارے میں ہمیں بتا سکیں۔ براہ کرم رابطے کی مندرجہ ذیل تفصیلات کا استعمال کرتے ہوئے ہمیں اپنی رائے بھیجیں:

ای میل: **feedback@spamedica.co.uk**

پتہ: **Chief Operating Officer, SpaMedica Ltd., Churchgate, Bolton, BL1 1HU 43**

اگر آپ اس سروس سے خوش نہیں ہیں جو آپ نے حاصل کی ہے، تو براہ کرم کسی بھی خدشات کی صورت میں ہسپتال کے مینیجر سے بات کریں یا مندرجہ بالا پتے پر ہمیں ڈاک ارسال کریں۔

اگر آپ SpaMedica سے شکایت کرتے ہیں اور جواب سے مطمئن نہیں ہیں، تو آپ رابطے کی مندرجہ ذیل تفصیلات کا استعمال کرتے ہوئے پارلیمانی اور ہیلتھ سروس کے محتسب (Parliamentary and Health Service Ombudsman, PHSO) سے رابطہ کر سکتے ہیں:

PHSO کی ویب سائٹ پر ایک آن لائن فارم پُر کریں - www.ombudsman.org.uk/#complaint-checkerPHSO

کسٹمر ہیلپ لائن - 0345 015 4033 صبح 8:30 بجے سے شام 5:30 بجے تک، پیر تا جمعہ، ماسوائے بینک کی تعطیلات کے۔

PHSO کی 'کال بیک' سروس پر ٹیکسٹ کریں:
07624 813 005 بمعہ اپنے نام اور موبائل نمبر کے۔

# حوالہ جات

**[1]** Donachie, P.H.J., et al. The Royal College of Ophthalmologists' National Ophthalmology Database study of cataract surgery:
Report 9, Risk factors for posterior capsule opacification. Eye37, 1633–1639 (2023).

# نوٹس

**براہ کرم یہ کتابچہ اپنے ہمراہ لائیں اور اپنے وزٹ کے دوران کوئی بھی سوالات پوچھنا چاہیں تو آپ مندرجہ ذیل صفحات کا استعمال کریں۔**

# نوٹس

کاربن فوٹ پرنٹ لوگو

SpaMedica

## ہم سے رابطہ کریں

براہ کرم عمومی سوالات کے لیے ہم سے درج ذیل نمبر پر رابطہ کریں:


ٹیلی فون: **0330 058 4280**

ٹیلی فون: **contact@spamedica.co.uk**


## ویب سائٹ

YAG لیزر کیپسولاٹمی کے بارے میں مزید جاننے کے لیے QR کوڈ اسکین کریں یا **spamedica.co.uk** وزٹ کریں

یہاں اسکین کریں


**پتہ:**
SpaMedica Ltd. 43 Churchgate, Bolton, BL1 1HU



SM_LBB0003_0824